شرح صدر عطا فرمائے گا۔ اور اس کا سینہ علوم و معارف اسلامیہ کے لئے کھول دیگا۔
جب وہ دوسروں سے جھوٹ سُنے گا۔ تو اپنی زبان اور عمل سے اُن کو سچ کی تبلیغ و
تلقین کرے گا، نیز وہ جھوٹوں کی اس عادتِ بد کے رفع ہونے کی دُعا کرے گا۔
الغرض جھوٹ ضعیف العقیدہ اور فاسق و فاجر لوگوں کا شیوہ ہے اور سچ یا حقگوئی
صاحب ایمان اولیاء، وصلحاؔ اور صدیقین کا دستور عمل ہے۔

تیسری خصلت

یہ ہے کہ جب بندہ کسی شخص سے کوئی عہد و پیمان کرے، تو اپنے وعدہ کی
خلاف ورزی ہرگز نہ کرے۔ قرآن و حدیث میں پابندی عہد کی پے در پے تاکید آئی

Marfat.com

ہے، اور اُسے ایمان کی ایک بہت بڑی علامت قرار دیا گیا ہے۔ چنانچہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے۔ اے مسلمانوں تم اپنے عہد و پیمان کی تعمیل کیا کرو، کیوں کہ تم سے تمہارے وعدوں کے متعلق باز پرس ہو گی۔ نیز آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا " جو شخص اپنے عہد و پیمان کی پابندی نہیں کرتا اس میں ایمان ہی نہیں " پس یاد رکھ کہ کسی سے وعدہ کر کے توڑ دینے کے مقابل یہ طرزِ عمل زیادہ بہتر ہے کہ تو وعدہ ہی نہ کرے بالفاظ دیگر ایسا وعدہ کرنے سے، جس کی بعد میں تعمیل نہ کی جا سکے، یا تعمیل کرنے کی نیت ہی نہ ہو۔"

اُس وعدہ کا نہ کرنا ہی مبارک اور موجب فلاح و بہبود ہے۔ اِس لئے کہ وعدہ کی خلاف ورزی بھی جھوٹ کی بدترین قسم ہے۔ قوتِ ارادی کا فقدان ہے، حُسنِ سلوک اور خوش معاملگی کی بربادی ہے اور خلقِ خدا میں بدعہدی کرنے والے شخص کی کوئی عزت و وقعت نہیں رہتی لیکن جو شخص صداقت اور ذِمّہ داری کے ساتھ اپنے عہد و پیمان کی پابندی کرتا ہے۔ وہ ہمیشہ اور لوگوں کی نظر میں دن بدن زیادہ عزّت و توقیر اور اعتماد حاصل کرتا چلا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ بھی اُسی محبوب رکھتا ہے اور وہ دنیا و عقبےٰ میں فلاح و بہبود اور ترقی و کامرانی حاصل کرتا ہے۔

چوتھی خصلت

یہ ہے کہ انسان کسی بنی آدمؑ یا چیز پر لعنت نہ کرے کیونکہ لعنت کرنے کا حق صرف اللہ تعالیٰ کو پہنچتا ہے اور عالم الغیب ہونے کے لحاظ سے وُہی خوب جانتا ہے کہ کون سا شخص یا کون سی چیز لعنت کی قابل ہے اور معتوب و مغضوب ہونے کی مستحق ہے، پس لعنت نہ کرنا اور مخلوقات کو ضرر و ایذا نہ پہنچانا۔ اولیاء اللہ اور

Marfat.com

ابرار و صدیقین کی صفت ہے اور اِس موضوع پر اُن کا اِتّباع کرنے والے لوگوں کے درجات دنیا و عُقبیٰ میں بلند کئے جاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کے ایمان کی حفاظت فرماتا ہے پس مومن کو چاہیئے کہ جگہ جگہ لعنت کرتے پھرنے سے اللہ کے علم و فعل میں دخل نہ دے اور دوسروں کو لعنت و ملامت کرنے کی بجائے اپنی سیرت اور اپنے عقیدہ و عمل کی اصلاح کرے ۔

پانچویں خصلت

یہ ہے کہ مسلمان کسی کے لیئے بد دعا کرنے سے پرہیز کرے اگر اس پر کسی کی جانب زیادتی اور ناخدا ترسی ہوئی ہے تو اس کے لیۓ بد دُعا کرنے کی بجائے اس کے راہ راست پر آجانے کی دُعا کرے اور تحمل و برداشت سے کام لے ۔ یہ خصلت اپنے صاحب کی درجات بلند کرتی ہے اور بندہ جب اس نیک صفت سے آراستہ ہوتا ہے تو اس میں سیرت کی پختگی پیدا ہوتی ہے اور وہ مخلوق میں مُحبّت و مقبولیت کے جذبات پیدا کرتا ہے اور قلوبِ المومنین میں اعزاز و احترام پاتا ہے کلام اللہ میں بد دعا کا جواز بھی صریحاً موجود ہے اور انبیاءؑ نے جب کبھی بعض اقوام یا افراد کو یقینی طور پر بد دعا کا مستحق پایا ہے تو ان کے لیۓ مختلف مواقع پر بد دعائیں کی ہیں لیکن جب کوئی شخص بد دُعا بھی کرنے لگے تو ہمارے بیان کے مُطابق پہلے سے ہر لحاظ اور ہر حیثیت سے یہ یقین و اطمینان کر لینا ہوگا کہ بد دعا کیا جانے والا شخص ٹھوس بنیادوں پر فی الواقع بد دعا کا مرجع اور مستحق ہے ۔

چھٹی خصلت

یہ ہے کہ مومنین اور اہل قبلہ میں سے کسی شخص پر یقینؔ و وثوق کے ساتھ کافرو

Marfat.com

مشرک یا منافق ہونے کا حکم نہ لگائے۔ تاوقتیکہ اس کے پاس کوئی پختہ اور واضح ثبوت مہیا نہ ہو جائے، کسی کی تکفیر کرنا ایک بہت نازک ذمہ داری کا فعل ہے اور ہر شخص کو بلا سوچے سمجھے اور تحقیق کیے اس کا مرتکب نہیں ہونا چاہیئے۔ بخلاف اس کے کسی کی تکفیر نہ کرنا علم الٰہی میں دخل دینے سے بچنا ہے، اتباع سُنّت نبوی ہے اور مومن کے لئے احتیاط کا اچھا طریقہ ہے، یہ خصلت اللہ کی رحمت و رضامندی سے بہت قریب ہے اور انسان کسی کلمہ گو مسلمان کو کافر یا منافق قرار دینے سے محفوظ رہتے ہوئے اپنے ہی ایمان کی نگہداشت کرتا ہے اور خدا کا مغضوب ہونے سے بچتا ہے۔

ساتویں خصلت

یہ ہے کہ انسان گناہ و معصیت میں مُبتلا کرنے والی، یا حرام و ناجائز چیزوں کو دیکھنے یا اُن کی طرف راغب ہونے سے پرہیز کرے اور اپنے اعضا کو نواہی یعنی اللہ تعالیٰ کی ممنوع قرار دی ہوئی چیزوں سے محترز رکھے۔ یہ احکام الٰہی کا احترام ہے جس کے لئے اللہ اپنے بندے کو دنیا و عقبیٰ میں عزت و سرفرازی عطا فرماتا ہے۔

آٹھویں خصلت

یہ ہے کہ مخلوقات میں سے کسی پر خواہ وہ اپنے سے بڑا ہو یا چھوٹا، اپنا بوجھ ناروا طریق پر نہ ڈالے، اور انہیں ظلم و زیادتی سے مُکلّف نہ کرے۔ یہ خصلت دیندار اور ذاکر و عابد لوگوں کی عزت ہے اور اسی کی تعمیل سے وہ موثر طور پر امر بالمعروف و نہی عن المنکر کی قوت و توفیق پاتے ہیں، جب مومن کو روشن ہو، اور وہ اپنی حاجات وضروریات کی لئے اللہ تعالیٰ کے علاوہ مخلوقات کو مکلف نہ کرے اور نہ ان کے صدقات پر نظر رکھے تو اللہ تعالیٰ اُسے توکل اور استغنا کی بے مثل صفات عطا فرماتا ہے۔ یہ

Marfat.com

خصلت توحید و اخلاص کا بلند رتبہ پانے کے لیے سب سے اہم اور مُفید صحت ہے۔

نویں خصلت

یہ ہے کہ مسلمان حرص و ہوس کا اتباع نہ کرے، اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی نعمتوں پر حمد و شکر بجالائے اور مخلوقات کو اپنی خواہشات و مطالبات کا مرجع نہ بنائے اور اُولیا اللہ کی علامات میں سے ہے جنھوں نے مخلوقات سے روابط منقطع کر کے اللہ تعالیٰ سے اپنے رُوحانی و معنوی تعلق کو محکم و استوار کیا اور انہیں دنیا و عقبیٰ میں سعادت و فلاح حاصل ہوئی۔

دسویں خصلت

یہ ہے کہ تواضع اختیار کی جائے اور عجز و انکساری کو اپنا شعار بنایا جائے تواضع سے مسلمان کا رُتبہ بلند ہوتا ہے۔ خالق و مخلوق کے نزدیک وہ عزت و توقیر حاصل کرتا ہے اور اس کی دعا مناجات میں یہ اثر پیدا ہوتا ہے کہ وہ دنیا اور آخرت کی جس چیز کا ارادہ کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اُسے مہیا فرما دیتا ہے، یہ خصلت تمام عبادت کی اصل ہے اور ایمان و اخلاق کی تمام عمدہ صفات اسی سے جنم لیتی ہیں اسی خصلت سے مومن اولیا اللہ کی سیرت پایا ہے جو راحت یا تکلیف اور خوشی یا غمی دونوں میں راضی رہتے ہیں، اور یہ خصلت تواضع حقیقت میں کمال تقویٰ ہے اور تواضع کی تعریف یہ ہے کہ انسان کسی کو فقیر ادنیٰ نہ سمجھے اور جس سے بھی ملے سمجھے کہ ممکن ہے علمِ الٰہی میں یہ شخص رتبہ و صفات میں سے بلند تر ہو۔ لہٰذا وہ اگر اُس سے چھوٹا ہے تو سمجھے کہ اس نے اللہ کی اس قدر نافرمانی نہیں کی جس قدر میں

Marfat.com

نے کی ہے اور اس لئے وہ مجھ سے بہتر ہے اور اگر وہ اس سے بڑا ہے تو کہے کہ اس نے مجھ سے پہلے اللہ کی عبادت شروع کی اور مجھ سے نیکیاں زیادہ کیں۔ لہٰذا اُسے مجھ پر فوقیت حاصل ہے اور اگر وہ عالم ہے تو سمجھے کہ اُسے وہ نعمت وفضیلت دی گئی ہے جس تک میری رسائی نہیں ہوئی۔ اس نے وہ کچھ سیکھ سمجھا ہے اور معلوم کیا ہے جو میں نے نہیں کیا نیز وہ علم سے متمتع ہو کر اس سے اپنے عقیدہ و عمل کی اصلاح کا فائدہ بھی اُٹھاتا ہے۔ لہٰذا اس کی فضیلت و برتری مجھ پر مسلم ہے اگر وہ جاہل ہے تو کہے کہ اس نے اللہ کی جتنی کچھ نافرمانی کی ہے وہ علم نہ ہوتے ہوئے کی ہے لہٰذا اس حیثیت سے مجھ پر اس کی برتری ظاہر ہے اور اگر وہ کافر ہے تو کہے کہ میں نہیں جانتا شاید وہ مسلمان ہوجائے اور اللہ تعالیٰ اُسے کسی بھی وقت اپنی توفیق و نصرت سے راہ حق دکھاوے اور پھر اس کا خاتمہ ایمان و اسلام پر ہو، لہٰذا میرے لئے اس کی تحقیر جائز نہیں،

پس تواضع بہت سے اوصاف پسندیدہ کی بنیاد ہے اور اس سے طبع انسانی میں کبر وغرور پیدا ہونے کی بجائے خلق خدا سے ہمدردی اور محبت و شفقت کے جذبات جنم لیتے ہیں، علاوہ ازیں جب بندہ متواضع ہوجائے گا تو اللہ تعالیٰ اُسے آفات نفس سے محفوظ رکھے گا۔ لوگوں کے دل میں اس کی عزت و توقیر پیدا کرے گا، اور اُسے اپنے مقبول و محبوب بندوں میں شمار کرے گا، حسب حدیث تواضع عبادت کا مغز ہے۔ یہ متقی اور راستباز لوگوں کی پہچان ہے اور کوئی شے اس سے افضل نہیں ہے، اس کے باعث مومن کی زبان لغویات و ہزلیات اور دل آزار باتوں سے محفوظ ہوجاتی ہے اور ظاہر و باطن میں یکساں ہوجاتا ہے۔ وہ نہ خود کسی کی غیبت کرتا ہے

Marfat.com

نہ دوسروں سے کسی کی غیبت سننا گوارا کرتا ہے کیونکہ قرآن وحدیث میں غیبت کی بہت مذمت آئی ہے، اللہ تعالیٰ ہمیں اور آپ کو تواضع اختیار کرنے کی توفیق عطا فرمائے

فرمانِ ذاتِ اکبر

وَالْمُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ

اور جہاد کرنے والے بیچ راہ

اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ فَضَّلَ اللّٰهُ

خدا کے ساتھ مالوں اپنے کی اور جانوں اپنی کی بزرگی دی اللہ نے

الْمُجٰهِدِيْنَ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ عَلَى

جہاد کرنے والوں کو ساتھ مالوں اپنے کی اور جانوں اپنی کی اُوپر

الْقٰعِدِيْنَ دَرَجَةً ؕ وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ

بیٹھ رہنے والوں کے درجے ہیں کہ ہر ایک کو وعدہ دیا اللہ

الْحُسْنٰى ؕ وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ

اچھا اور بزرگی دی اللہ نے جہاد کرنے والوں کی اُوپر

عَلَى الْقٰعِدِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝

بیٹھ رہنے والوں کی ثواب بڑا۔

Marfat.com

اِس آیاتِ مبارکہ سے صاف معلوم ہوا کہ صادقین لوگوں نے حضور کی فرمانبرداری کرنے میں مال جان راہ حق میں قربان کردیا تو یہ صاف نظر میں یہ حال وارد گزرا اور اُن کے اُس کارکردگی پر فرمایا ہے۔ اجراً عظیماً اور سلام بھیجا اور رحمت دائمی بخشی۔

۱:- سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمِ ○

۲:- سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ○

۳:- سَلٰمٌ عَلٰی اِبْرٰهِیْمَ ○

۴:- سَلٰمٌ عَلٰی مُوْسٰی وَهٰرُوْنَ ○

۵:- سَلٰمٌ عَلٰی اِلْ یَاسِیْنَ ○

۶:- سَلٰمٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ ○

۷:- سَلٰمٌ هِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ ○

Marfat.com

۸ وَالسَّلَامُ عَلَيَّ يَوْمَ وُلِدْتُّ وَ

يَوْمَ اَمُوْتُ وَيَوْمَ اُبْعَثُ حَيًّا ۝

۹۔ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ

فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ۝

سَلَامٌ عليكم لَا نَبْتَغِ الجَاهِلِيْنَ

Marfat.com



Marfat.com

راز یہ کہ جب کسی مرد کامل نے امری فرائض پر نبیؐ یا ولی یا عاشق یا عارف صالحین نے مطابق امر کے صحیح انجام پورا کیا تو اُن پر ذات کبریا نے اپنی رحمت بیشمار نازل کیا کہ سوائے رحمت کے اور آمر کی اطاعت ہرگز نہیں ہو سکتی کیوں کہ نفس امارہ تبع پر استوار رہتا ہے اس کا روکنا ہی جہاد اکبر ہے۔

فرمان فرقان حمید الذکر البیت

عورت کی بیعت کا مشابہات کا مسئلہ ہے جو عام لوگ اس علم کی بے خبری اور جہالت کے زور شور سے کہتے ہیں کہ عورت مرد کی بیعت ہوتی ہے لیکن یہ مقام ہے اور مقام ایسا ہے جس کو یہ ملا ہے تو ماں باپ کی وصیت فرائض پر عمل کرنا بہت مشکل ہے لہذا اُس قدرت کاملا کی حکمت میں کسی ہستی کو یہ مداخلت کا مقام ہی نہیں ملا اگر کسی کو ملا ہے تو خوش قسمتی اور شفقت اعلیٰ والدین سے

یُوصِیکُمُ اللہُ فِی اَولَادِکُم لِلذَّکَرِ

فرمان والدین پر اس عورت نے پورا عمل کرکے اپنے مالکِ واحد کو پایا اور بابرکت

عین الیقین کے ایک ساعت نظر شفقت میں منظوری پائی جو وہ عورت تھی جس سے جناب باوا فرید شکر گنج زہد الانبیا نے چھتیس سال جہاد النفس میں یار کی راہ کا پتہ ہونے پر شکر یہ ذات وحدہٗ کا بجا لائے سو یہ بات کہنے سننے کی نہیں ہے۔

یٰاَیُّهَا النَّبِیُّ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ
اے نبی علیہ السلام جس وقت کہ آویں تیرے پاس مسلمان عورتیں
یُبَایِعْنَكَ عَلٰٓی اَنْ لَّا یُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ
بیعت کرتی ہوئیں ف اوپر اس بات کے کہ شرک لاویں ساتھ اللہ کی
شَیْئًا وَّلَا یَسْرِقْنَ وَلَا یَزْنِیْنَ وَ
کسی چیز کو اور نہ چوری کریں اور نہ زنا کریں
لَا یَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَلَا یَاْتِیْنَ
ور نہ مار ڈالیں اولاد اپنی کو اور نہ لاویں طوفان
بِبُهْتَانٍ یَّفْتَرِیْنَهٗ بَیْنَ اَیْدِیْهِنَّ
کہ باندھ لیویں اس کو درمیان ہاتھ اپنے کے

Marfat.com

وَاَرْجُلِهِنَّ وَلَا یَعْصِیْنَکَ فِیْ
اور پاؤں اپنے کے اور نافرمانی کریں تیری بیچ
مَعْرُوْفٍ فَبَایِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ
کسی حکم شرع کے پس بیعت قبول کر ان سے اور بخشش مانگ
اللّٰہَ ؕ اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ○ پ ۲۸ ع ۸
واسطے ان کے اللہ سے تحقیق اللہ بخشنے والا ہے مہربان ہے

قربانِ ذات پر حضورؐ نے جملہ کام سوائے امر کے دُنیا اور دین کا سارا انجام ہی اطمینان پر ہوا۔ اسی لیے فرمایا ہے:

اَوْفُوْا بِعَهْدِیْٓ اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ وَاِیَّایَ فَارْهَبُوْنِ

اسی واسطے اس کتاب کا نام فرقان حمید یعنی فرق اندے نکالنے والی اُم الکتب ہے اور صادقین اور صالحین کے نقشِ قدم پر چلنے کی مجھے اور آپ کو اللہ توفیق بخشے۔

Marfat.com

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ مَوْلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ

یہ بسبب اس کے ہے کہ اللہ کارساز ہے ان لوگوں کا جو ایمان

اَنَّ الْكٰفِرِيْنَ لَا مَوْلٰى لَهُمْ ۝

لائے اور یہ کہ جو کافر ہیں نہیں کارساز واسطے ان کے

اس آیات مبارکہ سے ثابت ہوا جو طالب مولے ہوتے ہیں وہ متوکل بالفرض ہوتے ہیں۔

اَلَا اِنَّ اَوْلِيَاءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ

شجرہ
اہل قادری
زاہد مشاہدے
سید غلام علی شاہ

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ

Marfat.com

۷۸۶ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بحق ذات عالی مُصطفٰےؐ کے
شفیع الاُمت صاحب ھُدا کے

خُداوندا بحق اپنے محبُوب
میرا دل نورُ سے کر نیک اسلوُب

قسم تجھُ کو علی المرُتضیٰؓ کی
مُکرم ذات ھادی پیشوا کی

میرا دل عشق سے معمُور کر دے
زبان کو نام اپنے سے شکر دے

طفیل حضرت شبّیرؓ شہُدا
ابن خاتونؓ جنت کے صُغریٰ

Marfat.com

علی المرتضیٰؓ کے جو رؓ و فرزندؓ
رسولؐ اللہ کے پیارے وہ جگر بندؓ

بزینؓ العابدین عرفان چاہوں
تجھے یا خالق الخلقا سُناؤں

طفیل آن جناب ذات اطہرؒ
محمدؒ حضرت سلطان باقرؒ

طفیل حضرت کاظمؒ شہنشاہ
جو حضرت جعفرؒ و صادقؒ مثل ماہ

طفیل آن علی موسیٰؒ رضا کے
بحق پاک ذات راھنما کے

خداوندا میرا دل شاد کردے
تو اپنے نام سے آباد کردے

Marfat.com

قسم معروفؒ کرخی کی ہے تجھ کو
طفیل اُن کی بخش انوار مجھ کو

طفیل حضرت سقطائیؒ راہبر
میرا دل نوُر سے معموُر تو کر

طفیل خواجہ جنیدؒ اکبر
میرا دل نوُر سے کر دے مُنوّر

طفیل شیخ عبداؒللہ بوُ بکر
بقلب شبلیؒ سے ہیں با نوُر اطہر

جو عبدالواحدؒ وحدت کے دریا
طفیل اُن کی میرا دل کر مُصفیٰ

طفیلِ بوالفراحؒ مردانہ طُوسیؒ
کروں تیرے عشق کی قدم بوسی

Marfat.com

طفیل بُو علیؒ قدسی الٰہی
میرے دل کو عطا کر روشنائی

طفیل بُو سعیدؒ شیخ اکرم
عشق اپنا عطا کر ربِّ اعظم

طفیل حضرت محبوبؓ سُبحان
جناب شیخ حضرتؓ پیر پیران

جو حضرت شیخ عبدالقادرؒ پیر
طفیل اُن کی میرے دل کو ہو تاثیر

طفیل شاہ مجیب الدین الٰہی
میرے دل کو بخش یارب صفائی

طفیل آن شہابؒ الدین ھادی
کرے دل اسم ذاتی کی منادی

Marfat.com

نہ ہو دل اسم ذاتی سے تغافل
بشغل صوم صلوٰتوں نوافل

رہے ہر وقت جاری اسم ذاتی
مجھے ہو اسم ذاتی میں مماتی

طفیل شاہ بہاؤالدین نوری
الٰہی التجا کر میری پوری

یا ابوالفضل صدرالدین معلّا
الٰہی دل میرا کردے مجلّا

یا ابوالفرح رکن الدین عالم
الٰہی ہو مجھے راہ سیدھی معلم

طفیلِ آن جلالُ الدین بخاری
قلب میرا الٰہی کر تو جاری

Marfat.com

بحقِ شاہ قوام الدینؒ عاشق
الٰہی بخش دل کو حُبِّ صادق

طفیل حضرت خواجہ مبارک
خُداوند میرا دل کر تبارک

طفیلِ آن جنابِ شاہ محمُودؒ
خُداوندا میرا دل کر تُو مسعُود

طفیلِ حضرت سلطان قاسمؒ
اسم ذاتی میرا یا رب ہو ہمدم

جو نبی پُر کے محمّدؒ ذاتِ عالی
طفیل اُونکی تو دِہ یا رب کمالی

بحقِّ فیض بخش عبد اللطیفؒ
ہو دل ہر وقت درُود و وظیفے

الٰہی کر عطا عرفان جاوید
عشق سے دل میرا ہو مثلِ خورشید

Marfat.com

طفیلِ آن محمد قائم عالم
خداوندا میرا دل رکھ تو اسلم

محمدؒ جو رفیع الدینؒ زماں ہیں
طفیلِ اُن کی نقش دل پر عیاں ہیں

طفیلِ شاہ محمدؒ جی زماں کے
رفع دل سے ہوں خطرات جہاں کے

طفیل شاہ فخر الدین احمدؒ
نہ ہو دل سے جُدا عشق محمدؐ

بافضالِ محمدؒ خواجہ سلطانؒ
نہ غالب دل پہ ہویں نفس شیطان

طفیلِ یا اللہ ھادیؒ بنی بخشؒ
عشق تیرے میں پُوبا ہو میرا رخش

Marfat.com

طفیلِ سیّد قطب عالم شاہ نوری
خداوندا حاجت ہر دو عالم کی ہو پوری

ہیں جو اولادِ پیر پیران
ولایت اُن کی ہے شاہِ گیلان

نسل جو ہیں عبدالقادر پیر
طفیل اُن کی میرے دل کو ہو دھیر

طفیل سیّد غلام علی ذوالقرنین اعظم نور
طفیل اُن کی نہ ہو کسی دل میں کبر و غرور

میں ھادی سے اپنے خدا مانگتا ہوں
اُسی کے اِسم کی غذا مانگتا ہوں

نہ حوروں نہ غلموں کی خواہش ہے مجھ کو
تیرے اسم کا ہی لقا مانگتا ہوں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

Marfat.com

اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اَزْوَاجِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَاَصْحَابِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اَوْلَادِ مُحَمَّدٍ
مُحَمَّدٍ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ وَصَلِّ عَلَیْهِ

شَجَرُہ

نَقْشْبَنْدی شریف

اَبُوبَکْرصِدِّیق رضی اللہ

نبی اکرم کا پہلا یار

Marfat.com

قَوْلُہٗ تَعَالیٰ :۔ ثَانِیَ اثْنَیْنِ اِذْ ھُمَا فِی الْغَارِ اِذْ یَقُوْلُ لِصَاحِبِہٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا

پ ۱۰ ۱۲

اور جب حضور غارِ ثور پر پہنچے تو حضرت ابو بکر صدیقؓ نے یہ عرض کی کہ قبلہ ذرا آپ اِسی جگہ ٹھہریں میں غار کو صاف کروں گا تو حضرت ابو بکر صدیقؓ نے غار میں جا کر اُس کے تمام سوراخ بند کر دیئے اور ایک سوراخ رہا جو کہ ایڑی کے برابر تھا۔ غار کو خوب صاف کر دیا دردِ دل سے اور دل دلبر کا مقام ہے جس دل میں دلبر نہیں وہ گل ہے اور جب صدیق اکبرؓ نے غار صاف کر دی تو اپنا قلبی اطمینان ہوا اور آپ غار سے باہر نکلے اور حضور محمد مصطفیٰ کی آگے دست بستہ کھڑے ہو کر عرض کی کہ قبلہ میں نے غار صاف کر دی ہے تو مہربان نبی سرتاج انبیاؑ نے یہ کہا میں نے تمہارا مزار صاف کر دیا ہے تو آج حضور کے پاس آپ کا مقام ہے۔ بات مقطع ہے۔ زیادہ طول نہیں کرنا چاہتا۔ صادق طالب کے واسطے رمز اشارہ ہے کہ غارِ یار کے واسطے صاف کی اور یار کو غار میں لے گئے اور آپ نے اپنی ٹانگوں کو طولائی نقشہ میں اپنے پٹ کا سرہانہ بنا دیا اور سرکار دو عالم آپ کے ٹانگ پر سیس مبارک رکھ کر سو گئے۔ کچھ دیر کی بعد وہ سانپ نکلا جن کو حضورؐ کے آنے کی خوشخبری کا پیغام تین سو سال پہلے مل چکا تھا۔ سانپ نے ذاتِ کبریا کے آگے یہ عرض کی کہ میں نے تیرے محبوب اور خاتم النبیین کی زیارت کرنی ہے۔ اگر منظور ہو جائے تو ذاتِ وحدہٗ نے اس کی عرض

Marfat.com

وہ سانپ اُس غار میں ڈیرہ جما کر بیٹھا تھا اور وہ جس وقت اس غار میں
یار داخل ہوئے تو اس کے اندر محبت کی بجلی نے کرنٹ مارا تو جس راستہ میں جائے
وہی بند جب اس راستہ پر آیا جس پر حضرت صدیق نے اپنی ایڑی مبارک رکھی تھی ۹۵
تو اس نے نرم جگہ معلوم کی تو اس نے یار غار رفیق دلدار کی ایڑی پر ڈنگ مار دیا۔
تو صدیق اکبر کی اس ٹانگ کو درد شروع ہو گئی اور چند منٹ بعد زہر اُس مقام پر پہنچ
گیا۔ جہاں حضور نے اپنا سیس مبارک رکھا تھا تو حضرت صدیقؓ درد سے مجبور ہو گئے
نہ تو سرکار کو نیند سے بیدار کرنا چاہتے تھے جب کہ درد اُن کی برداشت سے زیادہ
تھا۔ آپؓ درد محبت سے رونے لگے تو حبیبؐ کبریا کے رُخسار مبارک پر آنسو گرے
تو آقائے نامدار نیند سے بیدار ہو گئے تو حضور نے صدیقؓ سے پُوچھا۔ کیا بات ہے؟
صدیقؓ نے عرض کی حضور میری ایڑی پر کسی چیز نے ڈنگ مار دیا ہے تو صاحب لولاکؐ
نے فرمایا اُس کا راستہ کھولو۔ اور جب رفیق یار نے ایڑی ہٹائی تو فوراً وہ سانپ نکلا
اور حضور کے قدموں پر سجدۂ تعظیم کیا اور سرکار نے اس کے سر پر ہاتھ پھیرا اور صدیقؓ کی
ایڑی کی طرف اشارہ کیا اور اس نے ڈنگ زدہ جگہ پر مُنہ رکھ تمام زہر چُوس لیا اور صدیقؓ
اکبر کو فوراً آرام آگیا اور چین سے بیٹھے اور سانپ اُس غار کے دروازہ پر جا بیٹھا اور
دو پہریدار آگئے تھے۔ تیسرا سانپ دوسری کبوتری پہلا ڈور۔

یہ تین خام اور چوتھا صدیق اکبر تھا اور اسی رمز سے نقشبندی لقب مل گیا اور
فعل حسنیہ ہیں جو صدیقؓ نے کیے سو جسم کی غار بناؤ۔ صاف کر کے یار کو ساتھ لے جاؤ
یعنی نحن اقرب کی رمز پر دھیان کرو اور ہادی راہنما کو قلب میں لے جاؤ آگے شجرہ ہے۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بخشش کرنیوالا نہایت مہربان ہے

طفیلِ نور حضرت مصطفےٰؐ کے
طفیلِ ذات احمدؐ مجتبےٰ کے

میرا دل کر منوّر مثل ماہتاب
عشق اپنے سے روشن رب ارباب

طفیلِ حضرت صدیقؓ اصحاب
طفیلِ شاہ سلیمان احباب

ابو قاسم محمدؓ جو ولید ہیں
شریف اور صاحب عرفان رشید ہیں

طفیلِ حضرت جعفرؓ و صادقؓ خداوند
میرا دل عشق سے کر دے تو پیوند

Marfat.com

طفیلِ بایزیدؒ اور بُوالحسنؒ کے
بحقِ خواجہؒ قاسمؒ چمن کے

طفیلِ بُو علیؒ سردار یُوسفؒ
بحقِ آن جناب خواجہؒ عارفؒ

بحقِ خواجہؒ محمودؒ ہوشیار
علیؒ حضرت جناب پاک ابرار

خداوندا میرا دل پاک کردے
تو اپنے نام کا مشتاق کردے

طفیلِ خواجہؒ سماسیؒ جی فرخند
طفیلِ حضرتِ خواجہؒ نقشبندؒ

الٰہی دل میرے کو کر محبوب
طفیلِ آن امیر خواجہؒ یعقوبؒ

Marfat.com

طفیل خواجہ احرار درویشؒ
مجھے کر عشق اپنے سے تو دل ریش

طفیلِ امکنگیؒ خواجہ بللہ
باستقرار کر دل شاد اللہ

طفیلِ آن مجدّد الفؒ ثانی
بحقِ خواجۂ احمدؒ سروانی

طفیلِ خواجہ معصومؒ صاحب
عطا کر عشق اپنا رب واہب

بحقِ شیخ سیفؒ الدّین سعادت
میرے دل میں رہے تیری عبادت

طفیلِ حضرت خواجہ نور محمّدؒ
مجھے رکھ یا اللہ بر دین احمدؐ

Marfat.com

طفیلِ آں نعیم الدین حضوریؒ
طفیلِ خیر ولیؒ صاحب صبوری

مرادؒ اللہ ہیں خواجۂ صاحب پیر
طفیلِ اُن کی خدایا بخش تقصیر

طفیلِ شیخ معظّم بوالحسنؒ کے
دیکھوں یارب میں گل عرفان چمن کے

با برکت شاہ فرّخؒ جی علیؒ کے
طفیلِ شاہ محمّدؒ جی ولی کے

بحقِ شاہ فخرؒ الدین سیّد
الٰہی ذکر میں رکھ دل مقیّد

الٰہی عشق سے دل میرا کر چاک
ذکر تیرا رہے کرتی میری خاک

Marfat.com

طفیلِ آں محمدؒ خواجہ سُلطان
سلامت رکھ میرا یا رب تو ایمان

بحقِ ھادیِ سر چشمۂ نور
نبی بخشؒ ہیں گرامی قدر منظور

طفیلِ سیّد قطبؒ عالم شاہِ نوری
خُداوندا حاجت ہر دو عالم کی ہو پُوری

ہیں جو اُولادِ پیرِ پیران
ولایت اُن کی ہے شاہِ گیلان

نسل جو ہیں عبد القادرؒ پیر
طفیلِ اُن کی میرے دل کو ہو دھیر

طفیلِ پیر غلام علیؒ ہے غلامانِ غلام
برکت اُن کی سے یا اللہ کرو پورا کلام

Marfat.com

میں ھادی سے اپنے ھُدا مانگتا ہوں
اسی کے اسم کی غذا مانگتا ہوں

نہ حُوروں نہ غلمونکی خواہش ہے مُجھ کو
تیرے اسم کا ہی بقا مانگتا ہوں

ہر ایک طالب کے واسطے یہ درُود شریف یاد ہو

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اَصْحَابِ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَ اَزْوَاجِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّ اَوْلَادِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

Marfat.com

وَبَارِکْ وَسَلِّمْ وَصَلِّ عَلَیْہِ ط

از فرمودات ذات وحدہٗ لاشریک نے فرمایا :-

هَلْ اَتٰی عَلَی الْاِنْسَانِ حِیْنٌ مِّنَ

الدَّهْرِ لَمْ یَكُنْ شَیْـًٔا مَّذْكُوْرًا ○

اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ

اَمْشَاجٍ ۖۗ نَّبْتَلِیْهِ فَجَعَلْنٰهُ

سَمِیْعًۢا بَصِیْرًا ○

جملہ کائنات میں اور ذات کبریائی نے ہر شان حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد میں نبی اور ولی غوث قطب ابدال اور سکار جو مست ہیں تو رب العالمین نے فرمایا تھا۔ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِیْٓ اٰدَمَ کا مقصد تمام خوبیوں میں پورا کیا۔ اگر کوئی

Marfat.com

کمی ہوتی تو سلیمان علیہ السلام کے دربار عالیہ میں ہزاروں جن تھے اور کسی کو یہ طاقت ہی نہ تھی کہ فرمان نبی سے تخت شاہزادی بلقیس کا لائے اور جب آدم کی جنس کی طرف اشارہ ہوا تو ولی اللہ نے دو حرفی سوال پر کیا۔ بن عاصم نے کیا جناب نبیؐ کے آگے سب کچھری آنکھ بند کرے تو ولی کی کرامت ہے کہ اس جگہ سے مرد بیٹھے ہی کہا جناب آنکھ کھولدو یہ تخت ہے تو تمام ناریوں کے سر میں پانی ڈال دیا اور شرف اولاد آدمؑ کو بخش دیا۔



ذاتِ قدوس نے یہ کتاب جس کا نام قرآن مجید اور فرقان حمید ہے جملہ کائنات کی جسمانی اور رُوحانی بیماریوں کا مکمل علاج بنا کر اور اپنے محبُوب محمد مُصطفیٰ کو جملہ امراض کا خاذق اور شافی بنا کر اس اُمّت کی راہنمائی اور پشت پناہی اور حوصلہ افزائی اور جملہ مقصود ہر قسم کے لاجواب اور بے حساب ہے۔ جس کی شان میں یہ کلمہ فرما دیا لَوْلَاکَ لَمَا خَلَقْتُ یعنی کچھ بھی نہ ہوتا اگر محمد مُصطفیٰ کی ذاتِ مقدس نہ ہوتی اور تمام انسانی جسم میں تین ہزار مرض ہوتی جس میں تمام طبیب سرجن ۵۸۵ مرض کا علاج کرتے ہیں اور اس کے علاوہ نوری کلام اور رحمتی افراد جس کے قدم میں رحمت اور دست میں رحمت اور نظر میں کیمیائی مجرچلتا ہے تو اس شخص کے واسطے ہے کہ ذات کبریاء نے جس کا مقدر کھول دیا۔ جیسا کہ حضورؐ پر کوڑا پھینکنے والی کوڑی پر رحمت چھا گئی تھی اور آگے طریقت استعمال یہ ہے کہ بے مرشد نہ ہوے جس کے گلے میں مرشد کا پٹہ ہو سورۃ فاتحہ تین بار سورۃ اخلاص بھی تین بار بعد میں یہ آیات مبارک شفا والی پڑھے۔

Marfat.com

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿﴾ لا ع ١٨

وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ﴿٥﴾ لا پ١١ ١١

يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ

مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ

لِّلنَّاسِ ﴿ط﴾ پ١٤ ١٥

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَاهُوَ شِفَآءٌ

وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿لا﴾ پ١٥ ٩

Marfat.com

مَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَّكُنْ لَّهٗ
نَصِيْبٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً
سَيِّئَةً يَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا ۗ وَكَانَ
اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقِيْتًا ۝ پ۵
فَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۝ پ۱۹ ۹
قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ط پ۲۴ ۱۹
قُلْ لِّلّٰهِ الشَّفَاعَةُ جَمِيْعًا ط پ۲۴ ۲

Marfat.com

قولہٗ تعالیٰ جب تک کسی کی اطاعت، نہ ہو اور کسی کا نہیں ہوتا اس کا بھی کوئی نہیں ہوتا۔

جے توں میرا ہو رہیں سب جگ تیرا ہو
طالب صادق بن کے وچ رضا کھلو

اور ہر ماننے والے کی ہر مشکل کے واسطے فتح نامہ ہے کسی راہنما کے امر اجازت اور بغیر (طریقت راہنما مرشد کچھ نہ ہوتا)

عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ط رَبَّنَا افْتَحْ

بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَ

اَنْتَ خَيْرُ الْفَاتِحِيْنَ ○ پ ۹

Marfat.com

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ

مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ

رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا

سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ

وَرِضْوَانًا پ٢٦ ١٢

نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ

وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ○ پ٢٨ ١٠

Marfat.com

چہارم فتح نامہ مکۃ معظمہ

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۝ لا

وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ

دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۝ لا فَسَبِّحْ

بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ط

اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۝

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ

Marfat.com

هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ
رَحْمَةً إِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝ پ۳ ع۹
رَبَّنَآ إِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ
لَّا رَيْبَ فِيْهِ ط إِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ
الْمِيْعَادُ ۝ پ۳ ع۹ يا الٰهی با برکتِ حضرت
اٰدمُ عَلَيْهِ السَّلَامِ با بَرَكَتِ
حضرت نُوحُ عليهِ السَّلَامِ با بركتِ

Marfat.com

حضرت ابراہیم خلیل اور حضرت اسمٰعیل اور شاہِ دو جہاں محمد مصطفیٰ کہ جن سے کُنتُ کنزاً مخفیاً کا راز کھلا اور جملہ ایک لاکھ چوبیس ہزار نبیؑ ہوئے۔ سب کے امام اور سرتاج اور ہادی راہنما ہیں اور اہل بیعت اطہر شہیدین صابرین اور صادقین و عاشقین و عارفین ولی اور غوث الثقلین محبوب سبحانی شیخ عبد القادر جیلانیؒ کی زیر قدم کی غلامی کے بغیر کچھ بھی نہ حاصل ہوا اور جملہ فقرا پر حضور کا قدم مبارک ہے کہ حضور نے ارشاد فرمایا ہے

وَ کُلُّ وَلِیٍّ لَہٗ قَدَمٌ وَّاِنِّیْ عَلٰی قَدَمِ نَبِیْ بَدْرِ الْکَمَالِیْ

جس کے نصیب میں ہے حضور کے میخانے سے خمر کا پیالہ ملا تو ہزار بار شکر ادا کرتے ہیں کہ ہم کو اپنے محبوب کی اُمّت میں پیدا کیا اور حضور کے اہلبیعت کی محبت نصیب کرے اور حضور کے صادق عاشق جو ہیں اُن کی غلامی میں ذات قدّوس منظور فرمائی اور غلامی میں ہی خاتم المَوت ہو اور دُعا خیر مقدم اور ماخر نسلوں کے آنے کی دُعا مغفرت کرتے ہیں اور جملہ فقرا، قادر ۹ ہیں ۵ چشتیا، سہروردی عمر فاروق اعظمؓ تھیں یئی نو قادر ۵ چشتی جناب مشکل کشا علی المرتضیٰؓ سی ۱۴ خاندان جاری ہیں اور نقشبند طریق ابوبکر صدیقؓ اور حضرت بلالؓ سے فیض عاشق رسُول جاری ہے۔ اور حضرت عثمان غنیؓ کاتب وحی ہیں اور اویسی طریقہ خواجہ اویس قرنیؓ سے حضور کے باطنی یار ہیں جن کو آخری جُبّہ مبارک سرکار مدینہ احمد مجتبیٰؐ نے اپنے یاروں کے ہاتھ بھیجا تھا اور وہ جُبّہ مبارک اور دستار مبارک خواجہ اویسؓ قرنی رحمتہ اللہ علیہ نے جناب علی المرتضیٰؓ صاحب کو عطا کر دیئے اور یاد رہے تو آباد رہے جو غافل ہو وہ برباد رہے اور ہادیٔ کامل عزیز حکیم خلق عظیم نے ساغر رحمت سے کوئی بھی پیاسا نہیں رہا۔ اور کوئی غلام بھی طلب کرے تو اب بھی میخانہ شراب جاری ہے۔ یہ ختم ہونے والی کان ہی نہیں ہے اور دائمی طلب صادق

Marfat.com

اور عین الیقین سے جیسا کہ حضرت مجنوں صاحب نے فرمایا لیلیٰ لاشریک ہے۔ رب میرا مینوں نہ مغالطہ پاء کھاں اوے کوئی لیلیٰ توں رب جی وکھرا ہیں اوس نوں کھوہ وچہ پا کھاں اوئے۔

یہ دوئی کا جو نقطہ ہے اس کو کٹ جانا عشق کی بجلی کا فعل حسنہ ہے جس کے شان میں یہ فرمایا ہے۔ اَلْعِشْقُ نَارٌ یُحْرِقُ مَا سِوَا اللّٰہُ لِیَھْرُقُ تمام غیر جلا کر واحد ہی رہا تو مقتی ہو گئی۔

چھتی کھولیا ساقی نے میخانہ ساقی بیٹھا ہے جام پلان اُوتے
کوئی کمی نہیں بحر عمیق اندر سخی مرد ہے نور عرفان اُوتے

تو یہ صداقت عجز و صابر نفس مطمئن کی بات ہے۔

رکھ یاد جے انت فناہ ہونا مر یار دے امر اشارے تے
غیر دہڑیو کڈھ کے وکھ ہو جا بہہ جا یار دے خاص دوارے تے۔

با برکت والد صاحب والدین اور با برکت استاذ صاحبؒ اور سید ذوالقرنین کی نظر شفقت و رحمت سے اس بحر میں ترنا آسانی کی بات نہیں ہے تو ذات کبریاء کی رحمت اور فضل کے حال شامل ہونے سے ہے۔ اس بحر میں ہمارے مجرمانہ فعل اور ناقص گداگر کی کیا مجال ہے۔

Marfat.com

رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ

رب میرے کر مجھ کو قائم رکھنے والا نماز کا اور اولاد

ذُرِّیَّتِیْ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ○ رَبَّنَا

میری سے اے رب میرے اور قبول کر دعا میری اے رب ہمارے

اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ

بخش مجھ کو اور ماں باپ میرے کو اور سب ایمان والوں کو

یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ ○

جس دن قائم ہووے حساب

ذات وحدہٗ نے فرمایا ہے۔ کُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ ھی لا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَتِ اللّٰهِ

طفیل نبیوں، ولیوں، غوثوں اور قطباں شہیدوں فقیروں کی گداگر عاجزی قبول کی جاوے۔

صَلَّى اللّٰهُ تعالیٰ علٰی رسولہٖ خیر خلقہٖ محمدٍ وَّ علٰی اٰلہٖ وصحبہٖ

Marfat.com

سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ○

پروردگار عزت والے کی اس چیز سے کہ بیان کرتے ہیں

وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ○ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ

اور سلامتی ہے اوپر پیغمبروں کے اور سب تعریف واسطے اللہ کے

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ

جو پروردگار عالموں کے اے اللہ میں مانگتا ہوں

بِحَقِّ هٰذِهِ الصَّلٰوةِ اَنْ تُكْرِمَنِيْ بِرُؤْيَةِ

بطفیل اس نماز کی یہ عزت دی مجھے ساتھ دیدار

مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ فِي الْمَنَامِ وَاَنْ تَغْفِرَ

محمدؐ خاتم النبیینؐ کے خواب میں اور یہ بخشے تو

لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِاُسْتَاذِيْ وَلِجَمِيْعِ

میرے ماں باپ اور استاذ میرے اور تمام

الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ

مومن مردوں اور عورتوں اور مسلمان مردوں

Marfat.com

وَالْمُسْلِمٰتِ الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ

اور مسلمان عورتوں کو جو زندہ ہیں ان سے

وَالْاَمْوَاتِ وَتُجِيْرُنِيْ مِنْ عَذَابِكَ

یا مردہ اور بچا مجھے اپنے

وَتُوْجِبْ لِيْ رِضْوَانَكَ وَسَلِّمْ

عذاب سے اور واجب کر میرے لئے رضامندی

تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا كَثِيْرًا ۝

اور سلام سلامتی بہت بہت

بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝

ساتھ رحمت اپنی کے اے بڑے رحم والے نہایت رحم والے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اٰمِيْنَ

تَمَّتْ بِالْخَيْرِ

Marfat.com

متشابہات ابن الکتب کا علم ہر طریق میں اختلاف ہے لیکن جب تک نفس
کو قید نہ لگائے تو یہ مطمئن نہیں ہوتا۔ اسی کا نام جہاد اکبر ہے۔ مار کھانے کے بعد



بھی اس پر فتح طالب صادقین ہی کو واصل حق ہوتا ہے۔ باطل پر نفی کا کا
ہونا ضرور اکسیر ہے۔ باشرط فرمان ہادی کامل یہ بات بہت محال ہے۔

Marfat.com

جو دلبر دا عشق کماون دنیا وچوں وکھ ہو جاون
دائمی یار دے واصل ہوندے کدی نہ اوہ غم کھاون

ذات کی عقل تشکل نے ہر افراد
بخت علیحدہ علیحدہ

اپنی عزیز حکمت میں کوئی خامی نہیں رکھی اگر کوئی خامی
کسی میں قدرت کاملہ نے رکھی ہے تو اس کو جملہ
کائنات میں کسی کو یہ طاقت نہیں کہ وہ پوری کرے۔

Marfat.com

آنکھ کھولدو یہ تخت ہے تو تمام ناریوں کے سر میں پانی ڈال دیا
اور شرف آدمؑ کو بخش دیا۔



Marfat.com

وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِىْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّ

اور یاد کر پروردگار اپنے کو بیچ سانس کے عاجزی سے اور ڈر سے

خِيْفَةً وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ

اور کم آواز سے بات سے صبح کو اور شام کو

بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ

اور مت ہو غافلوں سے تحقیق جو لوگ

اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ

نزدیک رب تیرے ہیں۔ نہیں تکبر کرتے بندگی اس کی اور تسبیح کرتے ہیں

عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ يَسْجُدُوْنَ

واسطے اس کے اور اسی کو سجدہ کرتے ہیں۔

یہ عام کے واسطے حکم آیا ہے اور اس امر کو عارف و عاشق لوگ جو اس امر پر پوری عملی تعمیر کرتے ہیں یہ طالب صادقین کا نسخہ اکسیر اعظم اور جملہ باطل امراض کی جملہ شفا ہے جس میں طبیب کی کوئی ضرورت ہی نہیں۔

Marfat.com

کتاب کے خاتمہ کے بعد پھر اسی حسرت قلبی نے جوش مارا کہ میں دوبارہ اس راز کو ناقص عقل سے یہ عامی بانقشہ سمجھاؤں مسکین کی خطا کا یہ فرض ہے۔

یہ نقشہ دماغ
نہ رہیں کہ
فِی نَفْسِكَ بیچ سانس کے
وَخِيفَةً ڈر سے
مِنَ الْقَوْلِ بات سے



ہے اور اس سے بے خبر
یہ انسانیت نہیں
تَضَرُّعًا عاجزی سے
وَدُونَ الْجَهْرِ
بِالْغُدُوِّ وَالْآصَالِ
صبح کو شام کو

یاد رہے کہ جب تک کسی دشمن کو قید نہیں کرتا تو اس کی زندگی خطرے میں ہے۔ تو اسی وجہ سے دم بند کر ذاتی ذکر فکر سے کرے تو انشاء اللہ العزیز کامیاب ہوگا۔ عاجز کی جملہ کے واسطے دعا ہے

Marfat.com

ذاتِ وحدہٗ بادشاہ خالق اور مالک نے اس کتاب کے مقدم ب سے شروع
ہوتی ہے اور س پر ختم ہوتی ہے اور "بے" اور "سین" کو ملانے سے "بس" بنتا ہے۔
بس بمعنے ختم کے ہیں کہ اس کے بعد نہ کوئی نبی آنے والا ہے۔ نہ کوئی کتاب آنیوالی
ہے اور اس کتاب فرقان حمید میں تمام سابقہ کتابوں کا مضمون جو پہلی اُمتوں کے ساتھ
گزرا ہے وہ بھی ثابت ہے۔ اب یُوصِیکُمُ اللہُ فِیٓ اَولَادِکُمْ اور یہ ثابت
اسی آیات کریمہ سے ہوا۔ ہر نبی کو کتاب نصیحت دیکر بھیجا اور ہر نبی کو مُعجزہ دے کر
اس قوم کو راہ نمائی اور نجات بخشی اور ماننے والوں کو اور ڈرانا اللہ کے غضب اور
قہروانی سے ڈر کر ایمان لاویں۔ اس بات حق کی اور توحید الاہی پر دائمی اعلان فرماتے
رہے اور خدا کا حکم اور نبی کی زبان سے ذاتِ اقدس کی شان کو سمجھا۔ نہ یہ راہنما کا فرض
پیر کا فرض ہے مرید کو نصیحت کرنا اور استاذ کا فرض ہے شاگرد کو نصیحت کرنا۔ ماں باپ
کا فرض ہے اولاد کو نصیحت کرنا اس کی حدود نہیں مقرر فرمائی کہ یہ علم ہے کہ شاید کس وقت
ایمان کے دائرے میں آجائے۔ یہ کوئی مشکل نہیں اُس اکبر واحد کی شان میں اور حق اور
باطل کاذب اور صادق ماحر اور مجرم خاص اور عام اور آج بھی اس زمانے میں مثال ہے کہ
معتبر آدمی کی بات کرے تو مسخرہ کرتے ہیں اور کاذت کی بات غور سے سُنتے ہیں جب
نتائج پر آتا ہے تو مشکل پڑجاتی ہے۔ افسوس ہے اس بات پر کہ خوار ہونے کے بعد بھی
راہ راست پر آنے پر تیار نہیں پھر اسی گُراہ پر جائے گا تو سوال یہ کہ سچ ماننے والا
یہ زمانہ نہیں جھوٹ فوری مانا جاتا ہے۔ اب جملہ کائنات کے واسطے مسکین کی دعا ہے
اللہ کی ذات طفیل حضور محمد مصطفیٰ اپنی رحمت افضل سے نوازے۔ آمین۔

Marfat.com

تمّت بالخیر

کتاب گلشن عارفین فضل و کرم رحمت سے
بروز پیر بوقت ۱۰ بجے دن ہجری سنہ ۱۴۱۲ ربیع الثانی
۷ تاریخ۔ دیسی اسوج ۲۰ تاریخ

Marfat.com

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَ إِسْرَافَنَا فِىْٓ أَمْرِنَا

وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَ انْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ

الْكٰفِرِيْنَ ۝ رَبَّنَا ظَلَمْنَآ أَنْفُسَنَا

وَإِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ

مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى

رَسُوْلِ خَيْرِ خَلْقِهٖ وَنُوْرِ عَرْشِهٖ

وَزِيْنَةِ فَرْشِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰىٓ اٰلِهٖ وَ

أَصْحَابِهٖ أَجْمَعِيْنَ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا

اَلصّلوٰۃ والسّلام علیک سیّدی

یا رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

وسلّم علیک یا حبیب اللہ

نفیس دار الکتب
اردو بازار لاہور

Marfat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

إن الله وملائكته يصلون على النبي يا أيها الذين آمنوا صلوا عليه وسلموا تسليما

الصلوٰة والسلام علیک سیدی

یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

وسلم علیک یا حبیب اللہ

ملنے کا پتہ نفیس دارالکتب
ہمدانی مارکیٹ اردو بازار لاہور

Marfat.com